# نیشنل بینک آف پاکستان

## اطلاع برائے چھہترواں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا نوٹس اطلاع دی جاتی ہے کہ نیشنل بینک آف پاکستان کا چھہترواں سالانہ اجلاس عام بروز منگل، مورخہ 25 مارچ 2025ء، پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق شام 04:00 بجے **نیشنل بینک آف پاکستان، ہیڈ آفس بلڈنگ، آئی۔آئی۔ چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان**۔ ذاتی موجودگی اور الیکٹرونک ذرائع پر منعقد ہوگا۔

اجلاس میں درج ذیل کاروائی عمل میں لائی جائے گی:

1۔ مورخہ 22 نومبر 2024 اور 06 جنوری 2025، کو ذاتی موجودگی اور الیکٹرانک ذرائع سے منعقد ہونے والے شیئر ہولڈرز کے غیر معمولی اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لئے نیشنل بینک آف پاکستان کے سالانہ آڈٹ شدہ غیر مجموعی اور مجموعی مالی گوشواروں اور اس کے ذیلی اداروں کے مجتمع گوشوارے مع ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ کے ساتھ چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور اور منظوری۔

کمپنیز ایکٹ 2017 (کمپنیز "ایکٹ") کے سیکشن 223 اور ایس آر او 389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت بینک کی سالانہ رپورٹ بینک کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہے، جسے درج ذیل ویب لنک یا QR فعال کوڈ سے حاصل کیا جا سکتا ہے:

https://www.nbp.com.pk/FinancialStatements/AnnualReports.aspx

3۔ 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے طے کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز پی ڈبلیو سی اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 45.856 ملین روپے بشمول کچھ قانونی سرٹیفکیشن اور میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو 38.962 ملین روپے بشمول کچھ قانونی سرٹیفکیشن کی فیس پر 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بینک کے آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تعیناتی کی سفارش کی ہے۔

4۔ 31 دسمبر 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تجویز کے مطابق۔/8 روپیہ فی شیئر یعنی 80% کی شرح سے کیش ڈیویڈنڈ پر غور اور اس کی منظوری (بینک نیشنلائزیشن ایکٹ 1974 کے سیکشن 17 کے تحت حکومت پاکستان کی منظوری سے مشروط)۔

5۔ چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری معاملے پر کاروائی۔

بحکم بورڈ

سید محمد علی ضامن

سیکریٹری (بورڈ)

کراچی

مورخہ مارچ 04، 2025

**نوٹس:**

بینک کی شیئر ٹرانسفر کتب 18 مارچ 2025 سے 25 مارچ 2025 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم بینک رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99۔بی، بلاک بی سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایس ایم سی ایچ ایس)، مین شارع فیصل، کراچی۔ 74400 کو مورخہ 17 مارچ 2025 تک کاروباری اوقات ختم ہونے سے قبل وصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اجلاس میں شرکت اور کسی بھی دیگر استحقاق کے سلسلے میں بروقت تصور کیا جائے گا۔

### سالانہ اجلاس عام میں شرکت

سالانہ اجلاس عام کا انعقاد سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے جاری کردہ رہنما اصولوں کے مطابق کیا جا رہا ہے اور سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی زیادہ سے زیادہ شرکت کیلئے ویڈیو لنک کی سہولت، ذاتی موجودگی پر یا مقرر کردہ پراکسیز کے ذریعے شرکت کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

الف) اجلاس میں بذریعہ الیکٹرانک ذرائع شرکت

سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کرنے والے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ مورخہ 24 مارچ 2025 بوقت شام 05:00 بجے تک CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کی ای میل cdcsr@cdcsrsl.com یا واٹس ایپ نمبر 0321-8200864 پر خود کو رجسٹرڈ کروالیں اور ان سے التماس ہے کہ وہ مندرجہ ذیل فارمیٹ پر معلومات مہیا کریں:

| نمبر شمار | کمپنی کا نام | فولیو نمبر/CDC | شیئر ہولڈر کا نام | قومی شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | این بی پی | | | | | |
| | | | | | | |

الیکٹرانک سہولت کی تفصیلات ممبران کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر فراہم کردی جائیں گی۔ مورخہ 25 مارچ 2025 کو لاگ ان سہولت دوپہر 03:30 بجے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء اجلاس شروع ہونے کے مقررہ وقت شام 04:00 بجے سے پہلے پہچان اور تصدیق کے عمل سے گزر کر اجلاس میں شریک ہوسکیں۔

ب) اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت:

**نیشنل بینک آف پاکستان، ہیڈ آفس بلڈنگ، آئی۔آئی۔ چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان**۔ شیئر ہولڈرز کے لئے روبرو اجتماع کے انتظامات کئے گئے ہیں۔

پ) پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا:

ا۔ تمام ممبران جو کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں کسی بھی دوسرے ممبر کو تحریری طور پر پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ ایک قانونی ادارہ رکن ہونے کے ناطے کسی بھی فرد کو قطع نظر، خواہ وہ ممبر ہو یا نہیں، پراکسی کے طور پر تقرری کر سکتا ہے۔

II۔ پراکسی انسٹرومنٹ ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے۔ اور موثر ہونے کے لئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل شیئر رجسٹرار یا سیکریٹری بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، NBP ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی پر جمع کروانا ہوگا۔

III۔ الیکٹرانک سہولت (زوم) کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے پراکسی ہولڈرز کا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر پراکسی فارم میں ہونا لازمی ہے۔

iv۔ اگر کوئی ممبر کسی ایک میٹنگ کے لئے ایک سے زیادہ ممبرز کو پراکسی مقرر کرتا ہے یا کسی پراکسی کے ایک سے زیادہ انسٹرومنٹس رجسٹرار/بینک کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں تو پراکسی کے ایسے تمام انسٹرومنٹس کو غلط قرار دیا جائے گا۔

ت) شیئر ہولڈرز کو پراکسی کی تقرری کے لئے درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد وضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں مندرجہ ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں:

الف) پراکسی فارم دو افراد کے بطور گواہ دستخط کے ساتھ جمع کردایا جائے جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

ب) قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی یا بینیفیشل مالکان اور پراکسی کے پاسپورٹ کی کاپی پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

ii) قانونی ادارے کی صورت میں نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ اصل یا باضابطہ تصدیق شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ یا سیکریٹر بورڈ کے دفتر، دوسری منزل، این بی پی ہیڈ آفس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں پراکسی فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا، (اگر وہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں)۔

(پراکسی فارم این بی پی کی ویب سائٹ www.nbp.com.pk پر بھی دستیاب ہے)

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر بینک کے رجسٹرار/شیئرز ٹرانسفر ایجنٹ یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو دیں۔

### اسپیشل نوٹس

#### 1۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

جن شیئر ہولڈرز کے پاس بینک کے فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس ہیں، انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ انہیں سی ڈی سی کے ساتھ بک انٹری فارم میں تبدیل کریں تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72 کی تعمیل کی جاسکے۔

#### 2۔ غیر دعوی شدہ نقد ڈیویڈنڈز اور شیئر سرٹیفکیٹس:

ایکٹ کی شق 244 کے مطابق، بینک نے اخباری اعلانات کے ذریعے شیئر ہولڈرز کے غیر دعوی شدہ شیئرز اور غیر ادا شدہ نقد ڈیویڈنڈز کے بارے میں مطلع کیا ہے۔ ہم اپنے معزز شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بینک کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں تاکہ اپنے کسی بھی غیر دعوی شدہ شیئرز یا غیر ادا شدہ نقد ڈیویڈنڈ کے دعوے جمع کرا سکیں۔

#### 3۔ درست سی این آئی سی اور آئی بی اے این کی ضرورت:

ایس ای سی پی کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق، نقد ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف ان شیئر ہولڈرز کو کی جائے گی جنہوں نے اپنے درست سی این آئی سی/این آئی سی او پی/پاسپورٹ (افراد کی صورت میں) اور این ٹی این (کارپوریٹ اداروں کی صورت میں) کی کاپیاں اور مخصوص بین الاقوامی بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی درست تفصیلات فراہم کی ہیں۔

#### 4۔ ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی:

براہ کرم نوٹ کریں کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب "ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ" (ATL) کی بنیاد پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل شرح سے کی جائے گی۔

1۔ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں ظاہر ہونے والے افراد: 15%

2۔ فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں ظاہر نہ ہونے والے افراد: 30%

مزید برآں، مشترکہ شیئر ہولڈرز کی صورت میں، ان کے تناسب/حصص (اگر کوئی ہے) کے مطابق ٹیکس کاٹ لیا جائے گا۔ بصورت دیگر، ان کی شیئر ہولڈنگ کو مساوی تصور کیا جائے گا۔

#### 5۔ الیکٹرانک ڈیوڈنڈ مینڈیٹ:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، تمام درج کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو الیکٹرانک ذرائع کے ذریعے براہ راست شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں نقد ڈیویڈنڈ ادا کریں۔

براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں ڈیویڈنڈ وصول کرنے کے لیے فزیکل حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب کیش ڈیویڈنڈ کے الیکٹرانک کریڈٹ کے لیے بینک مینڈیٹ فارم پُر کریں اور اسے CNIC کی کاپی کے ساتھ دستخط شدہ بھیجیں۔ شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99۔ بی، بلاک 'بی' سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (ایس ایم سی ایچ ایس)، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400۔

سی ڈی سی میں حصص رکھنے کی صورت میں، الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈر کے بروکر/شرکت کنندہ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز میں جمع کرایا جانا چاہیے۔

معلومات نہ ملنے کی صورت میں، بینک شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگا۔

#### 6۔ ڈیویڈنڈ پر زکوٰۃ کی کٹوتی:

زکوٰۃ "زکوٰۃ اور عشر" قوانین کے تحت حصص کی ادا شدہ قیمت کے 2.5% کی شرح سے منافع سے کاٹی جائے گی اور اسے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ اتھارٹی کے پاس جمع کرایا جائے گا۔ براہ کرم زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 اور زکوٰۃ (جمع کرنے اور رقم کی واپسی) رولز 1981 کے تحت اپنا زکوٰۃ اعلامیہ فارم (CZ-50) بینک کے شیئر رجسٹرار کو جمع کرائیں۔ حصص یافتگان جو شرکاء/سی ڈی سی کے ساتھ حصص رکھتے ہیں انہیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ متعلقہ بروکرز/سی ڈی سی کے ذریعے مندرجہ بالا فارم فراہم کریں۔